SCAN TO VERIFY
LAW DEPARTMENT
GOVERNMENT OF SINDH
www.sindhlaws.gov.pk

# سندھ آرڈیننس نمبر IX مجریہ ۲۰۰۲

# SINDH ORDINANCE NO.IX OF 2002

# سندھ کاٹن کنٹرول (ترمیم) آرڈیننس، ۲۰۰۲

# THE SINDH COTTON CONTROL (AMENDMENT) ORDINANCE, 2002

## فہرست (CONTENTS)

تمہید (Preamble)
دفعات (Sections)
۱۔ مختصر عنوان اور شروعات
Short title and commencement
۲۔ ۱۹۶۶ کے مغربی پاکستان آرڈیننس XX کی دفعہ 13A کی شمولیت
Addition of section 13A of West Pakistan OrdinanceXX of 1966
۳۔ ۱۹۶۶ کے مغربی پاکستان آرڈیننس XX کی دفعہ ۱۴ کی ترمیم
Addition of section 14 of West Pakistan OrdinanceXX of 1966
۴۔ ۱۹۶۶ کے مغربی پاکستان آرڈیننس XX کی دفعہ ۱۵ کی ترمیم
Addition of section 15 of West Pakistan OrdinanceXX of 1966
۵۔ ۱۹۶۶ کے مغربی پاکستان آرڈیننس XX کی دفعہ ۱۷کی ترمیم
Addition of section 17 of West Pakistan OrdinanceXX of 1966

# سندھ آرڈیننس نمبر IX مجریہ ۲۰۰۲
# SINDH ORDINANCE NO.IX OF 2002
# سندھ کاٹن کنٹرول (ترمیم) آرڈیننس، ۲۰۰۲
# THE SINDH COTTON CONTROL (AMENDMENT) ORDINANCE, 2002

[۲۶ مارچ ۲۰۰۲]

تمہید (Preamble)

آرڈیننس جس کی توسط سے سندھ کاٹن کنٹرول آرڈیننس، ۱۹۶۶ میں ترمیم کی جائے گی۔

جیسا کہ سندھ کاٹن کنٹرول آرڈیننس، ۱۹۶۶ میں ترمیم کرنا مقصود ہے، جو اس طرح ہوگی؛

اور جیسا کہ صوبائی اسیمبلی ۱۴ اکتوبر ۱۹۹۹ والے اعلان کے تحت اور پرووِیزنل کانسٹی ٹیوشن آرڈر نمبر ۱ کے تحت معطل ہے؛

اور جیسا کہ سندھ کا گورنر مطمئن ہے کہ موجودہ صورتحال میں فوری قدم اٹھانا ضروری ہے؛

لہٰذا اس لیئے، مندرجہ بالا اعلان اور پرووِیزنل کانسٹیٹیوشن آرڈر کے ساتھ پڑھیں ۱۹۹۹ کا پرووِیزنل کانسٹیٹیوشن (ترمیم) آرڈر نمبر۔۹، اور اس سلسلے میں ملے ہوئے سارے اختیارات کو استعمال میں لاتے ہوئے، سندھ کے گورنر نے بخوشی مندرجہ ذیل آرڈیننس بنا کر نافذ کرنا فرمایا ہے:

مختصر عنوان اور شروعات
Short title and commencement

۱۔ (۱) اس آرڈیننس کو سندھ کاٹن کنٹرول (ترمیم) آرڈیننس، ۲۰۰۲ کہا جائے گا۔

(۲)یہ فی الفور نافذ ہوگا۔

۱۹۶۶ کے مغربی پاکستان آرڈیننس XX کی دفعہ 13A کی شمولیت
Addition of section 13A of West Pakistan

۲۔ سندھ کاٹن کنٹرول آرڈیننس، ۱۹٦٦ میں، جس کو اس کے بعد بھی مذکورہ آرڈیننس کہا جائے گا، اس کی دفعہ ۱۳ کے بعد مندرجہ ذیل نئی دفعہ شامل کی جائے گی:

OrdinanceXX of 1966

"13-A- کوئی بھی کپاس کسی بھی ایک جگہ سے دوسری جگہ تک اس طرح منتقل نہیں کی جائے گی، جس سے اس کی توسیع بندی کا عمل رکتا ہو۔"۔

۱۹۶۶ کے مغربی پاکستان آرڈیننس XX کی دفعہ ۱۴ کی ترمیم

Addition of section 14 of West Pakistan OrdinanceXX of 1966

۳۔مذکورہ آرڈیننس کی دفعہ ۱۴ کی ذیلی دفعہ (۲) میں، الفاظ "پچاس روپے" کے لیئے الفاظ "دس ہزار روپے" اور الفاظ "پانچ سو روپے" کے لیئے الفاظ "پچیس ہزار روپے" متبادل ہوں گے۔

۱۹۶۶ کے مغربی پاکستان آرڈیننس XX کی دفعہ ۱۵ کی ترمیم

Addition of section 15 of West Pakistan OrdinanceXX of 1966

۴۔ مذکورہ ایکٹ کی دفعہ ۱۵ میں:

(i)ذیلی دفعہ (۵) کے لیئے مندرجہ ذیل متبادل ہوگا:

"(۵)کاٹن جننگ فیکٹری کا مالک پھر اس نے اس آرڈیننس کے شروع ہونے سے پہلے یا اس کے بعد تعمیر کی ہو، وہ فیکٹر میں مندرجہ ذیل چیزیں فراہم کرے گا:

(a) ڈی لنٹنگ مشین کی ایسی تعداد جو بیان کردہ اتھارٹی حکم کے ذریعے ہدایت کرے؛

(b) وے برج، آٹومیٹنگ پریس اور موائسچر ڈٹیکٹرس؛

(c) پری کلینرس اور لنٹ کلینرس؛

(d) ہر سال فصل کی موسم کی شروعات پر نئی جننگ ساز؛

(e) ایسا اسٹاف جو کام میں تربیت یافتہ ہو اور اس طرح جیسے مذکورہ اتھارٹی کی طرف سے بیان کیا گیا ہو؛

۱۹۶۶ کے مغربی پاکستان آرڈیننس XX کی دفعہ ۱۷کی ترمیم

(ii)ذیلی دفعہ (٦) میں، فل اسٹاپ سے پہلے الفاظ "اور ایسا مالک بازار میں کپاس کے ذخیرے کے لیئے ایسا کورڈ محفوظ پلیٹ فارم فراہم کرے گا"

| | |
|---|---|
| Addition of section 17 of West Pakistan OrdinanceXX of 1966 | شامل کیئے جائیں گے۔<br>(iii)ذیلی دفعہ (۷) میں، الفاظ "تین ماہ" کے لیئے الفاظ "چھہ ماہ" اور الفاظ "پانچ ہزار" کے لیئے الفاظ "دس ہزار" متبادل ہوں گے۔<br>۵۔ مذکورہ آرڈیننس کی دفعہ ۱۷ کی ذیلی دفعہ (۱) کی شق (b) میں، مندرجہ ذیل نئی شق شامل کی جائے گی:<br>"(c) جو کپاس اٹھانے یا ذخیرہ کرنے کے لیئے پولی پروپلین بیگس استعمال کرتا ہے یا اجازت دیتا ہے یا سنبھالتا ہے یا کاٹن کے دھاگے کے علاوہ بنے ہوئے کسی کپڑے میں کپاس اٹھانے کے سہولیت فراہم کرتا ہے یا کاٹن کے علاوہ کسی دوسرے دھاگے سے بنا ہوالچھا استعمال کرتا ہے۔"۔<br><br>**نوٹ: آرڈیننس کا مذکورہ ترجمہ عام افراد کی واقفیت کے لیئے ہے جو کورٹ میں استعمال نہیں کیا جا سکتا** |